23-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں ریاستی کابینہ کا اجلاس اس وقت سکریٹریٹ میں جاری ہے۔کالیشورم کیس میں ہائی کورٹ کے فیصلہ اور آر ٹی سی ملازمین کی ہڑتال پر ہورہا ہے غور وخوص۔

۲۔آر ٹی سی ملازمین کی ہڑتال آج دوسرے دن بھی جاری ہے۔انتظامیہ نے جزوی طور پر خدمات کی بحالی کا دعویٰ کیا ہے۔

۳۔آر ٹی سی ملازمین سے کئے گئے وعدوں کی عدم تکمیل پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

اور

۴۔پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ممکنہ اضافہ سے متعلق چند اخباری اطلات کی تردید کی ہے۔

PONGULETI:

ریاستی وزیر مال وامکنہ پی سرینواس ریڈی نے آج بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے لنکا ملارم گاؤں میں ٹی ٹی آر جے سی میں لڑکیوں کے ڈورمیٹری ہال کا افتتاح کیا جو 2 کروڑ 70 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔اِس موقع پر وزیر مال نے کہا کہ حکومت تعلیم ،صحت اور دیہی ترقی کو ترجیح دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت سرکاری اور اقامتی اسکولوں کو خانگی اداروں کی طرح ترقی دینا چاہتی ہے تا کہ محروم طبقات کے طلبہ کو معیاری تعلیم حاصل ہو سکے۔

Sound Byte

انہوں نے کہا کہ حکومت اسکل ڈیولپمنٹ سنٹرس کے قیام کیلئے ہر حلقہ پر 65 کروڑ روپے خرچ کررہی ہے۔ انہوں نے مین روڈ کو اسکول سے جوڑنے کیلئے ایک کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی جانے والی بی ٹی روڈ کا سنگ بنیاد رکھا۔

WARANGAL:

ورنگل کی ضلع کلکٹر ڈاکٹر ستیہ شاردھا نے تحصیلداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تلنگانہ اسٹیٹ منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے رہنمایانہ اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ریت کیلئے کوپن جاری کرنا بند کریں۔ ضلع میں ریت کی سربراہی پر ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چونکہ ورنگل میں ریت کے ذخائر نہیں ہیں، اس لئے شہریوں کو چاہئے کہ وہ پڑوسی اضلاع سے آن لائن بکنگ کیلئے ٹی جی ایم آئی وی کے پورٹل 'مناِ اسوکا واہانم' کا استعمال کریں۔ ریت کی قیمت اندراماں مکانات کیلئے 900 روپے فی ٹن اور تجارتی مقاصد کیلئے 1300 روپے فی ٹن مقرر ہے۔ کلکٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ وردھنا پیٹ منڈل کے کٹریالا گاؤں میں ریت کا ایک بازار قائم کریں۔

KALESHWARAM:

بھونگیر کے رکن پارلیمنٹ سی کرن کمار ریڈی نے کالیشورم کمیشن کے بارے میں ہائی کورٹ کے کل کے فیصلہ پر جشن منانے پر بی آر ایس کے قائدین کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت نے کرپشن کے الزامات میں کسی کو بھی کلین چٹ نہیں دی ہے۔ انہوں نے کے سی آر کے خاندان پر الزام لگایا کہ وہ عوام کو گمراہ کررہا ہے اور اس نے پروجیکٹ کیلئے قرضے حاصل کرکے ریاست کا دیوالیہ نکال دیا ہے۔ میڈی گڈہ کے تعمیری نقص کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں

نے بی آر ایس پر الزام لگایا کہ اس نے جنوبی تلنگانہ میں کانگریس کے دور کے پروجیکٹ کو نظرانداز کیا۔ کرن کمار ریڈی نے کہا کہ حکومت بے قاعدگیوں کے لئے ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کیلئے قانونی ماہرین سے مشاورت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس اور بی جے پی کے مبینہ سیاسی ڈراموں کے باوجود جوابدہی کیلئے جدوجہد جاری ہے۔

BHARIRATHA:

ریاستی وزراء پونم پربھاکر اور واکٹی سری ہری نے آج رویندرا بھارتی میں ساگر بھاگیرتا مہاریشی کی یوم پیدائش تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر اور پسماندہ طبقات کے قائدین موجود تھے۔ پونم پربھاکر نے ساگرا طبقہ پر زور دیا کہ وہ صرف مطالبات کرنے کے بجائے عملی پیشرفت پر توجہ دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان کے مسائل کی یکسوئی کیلئے پرنسپل سکریٹری کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت حالیہ سروے کی بنیاد پر کمزور طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات کی فراہمی کے اپنی عہد کی پابند ہے۔ انہوں نے ساگرا طبقہ پر زور دیا کہ وہ اعلیٰ تعلیم اور معاشی ترقی پر توجہ دے۔ انہوں نے اس طبقہ کی سیاسی اور سماجی ترقی کیلئے حکومت کی جانب سے مکمل مدد کا تیقن دیا۔

SRIDHAR BABU:

انفارمیشن ٹکنالوجی اور صنعتوں کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے سدی پیٹ ضلع کے تنوکی بولارم میں ٹی جی آئی آئی سی انڈسٹرئیل پارک کے آزاد سنٹرل آف ایکسلنس میں ایکسکلوزیو لین مینوفیکچرنگ فیسلٹی فار بیکر ہیوز کا افتتاح کیا۔ 7600 مربع میٹر پر محیط یہ یونٹ بیکر ہیوز کی صنعتی اور توانائی ٹکنالوجی ڈویژن کیلئے جدید ساز وسامان کرے گی۔ بیکر ہیوز توانائی کی ایک عالمی کمپنی

ہے جو 120 مما لک میں کام کرتی ہے۔ اس مرکز میں 230 افراد کو اعلیٰ مہارت کی بنیاد پر روزگار فراہم کیا جائے گا۔ اس اقدام سے مینوفیکچرنگ کے اعلیٰ شعبہ میں میڈ اِن تلنگانہ برانڈ مستحکم ہوگا۔ یہ اشتراک جدید صنعتی تکنالوجی اور ڈیجیٹل توانائی کے حل کیلئے مرکز کی حیثیت سے ریاست کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔

KISHAN:

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تلنگانہ حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ آر ٹی سی ملازمین کے دیرینہ مطالبہ کو حل کرے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے انتخابات میں آر ٹی سی ملازمین سے وعدہ کیا گیا تھا کہ انہیں سرکاری ملازمین کی حیثیت سے تسلیم کیا جائے گا لیکن یہ وعدہ اب تک پورا نہیں کیا گیا۔ کشن ریڈی نے کہا کہ بی جے پی آر ٹی سی ملازمین کی ہڑتال کی بھرپور تائید کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بسوں میں خواتین کیلئے مفت سفر کی اسکیم سے ملازمین کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگیا ہے لیکن ان کی بہبود کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ کشن ریڈی نے جی ایچ ایم سی میں فنڈس کی قلت پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ فنڈس کی قلت سے زمینات کے حصول، سڑکوں کی توسیع اور نالوں کی مرمت کے کام روک گئے ہیں۔ انہوں نے چیف منسٹر ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا کہ وہ جی ایچ ایم سی کیلئے فوری ضروری بجٹ مختص کریں اور آر ٹی سی ملازمین کی ہڑتال کو ختم کرائے تا کہ عوام کو مزید مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

TALASANI:

سابق وزیر اور بی آر ایس کے لیڈر ٹی سرینواس یادو نے کالیشورم مقدمہ میں ہائی کورٹ کے فیصلہ کو حکومت کیلئے ایک بڑا جھٹکا قرار دیا ہے۔ انہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ اس نے

پروجیکٹ کی لاگت کے بارے میں جھوٹ کو پھیلایا ہے اور ایس ایل بی سی کی سرنگ کے انہدام جیسی ناکامیوں کونظرانداز کیا ہے۔سرینواس یادو نے چیف منسٹر ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ حکومت میں آر ٹی سی ملازمین کوضم کرنے کے اپنے انتخابی وعدہ کو پورا کرنے میں ناکام ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کالیشورم پروجیکٹ نے تلنگانہ کے زرعی شعبہ میں انقلاب لایا ہے۔انہوں نے حکومت سے کہا کہ وہ سیاسی انتقام اور غیرذمہ دارانہ انتظامیہ پر حکمرانی کوترجیح دے۔

MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندرمودی اس مہینہ کی 25 تاریخ کوآکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 133 واں اپی سوڈ رہے گا۔آکاش وانی اوردوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایئر موبائل ایپ پر یہ پروگرام نشر ہوگا۔اس کے علاوہ ایر نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او محکمہ اطلاعات ونشریات کے یوٹیوب چینلز پر بھی کی بات پروگرام نشر ہوگا۔ ہندی نشریات کے بعدعلاقائی زبانوں میں یہ پروگرام نشر ہوگا۔

FACT CHECK:

پٹرولیم اورقدرتی گیس کی وزارت نے پٹرول اورڈیزل کی قیمتوں میں ممکنہ اضافہ سے متعلق چند اخباری اطلات کی تردید کی ہے۔وزارت نے وضاحت کی کہ ایسی کوئی تجویز حکومت کے زیرغور نہیں ہے۔اس نے کہا کہ یہ اطلاعات شہریوں میں خوف پیدا کرنے کیلئے شائع کی گئی ہیں۔ وزارت نے ان اطلاعات کوشرانگیز اورگمراہ کن قرار دیا۔وزارت نے کہا کہ بھارت واحد ملک

ہے جہاں گزشتہ چار سال میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ نہیں ہوا ہے۔ اس نے کہا کہ مرکزی حکومت اور سرکاری شعبہ کی آئیل کمپنیاں شہریوں کو بین الاقوامی بازار میں تیل کی قیمت میں اضافہ کے اثر سے بچانے کیلئے مسلسل کوششیں کر رہی ہیں۔

CABINET MEETING

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں ریاستی کابینہ کا اجلاس اس وقت سکریٹریٹ میں جاری ہے۔ اس اجلاس میں کئی اہم مسائل پر غور وخوص کیا جا رہا ہے۔ ان میں کالیشورم پروجیکٹ کے بارے میں ہائی کورٹ کا حالیہ فیصلہ آر ٹی سی ملازمین کی جاریہ ہڑتال اور حکومت میں آر ٹی سی کے انضمام جیسے مسائل شامل ہیں۔ امکان ہے کہ کابینہ ایم پی ٹی سی اور زیڈ پی ٹی سی انتخابات کے انعقاد، اندرا فیملی انشورنس اسکیم پر عمل آوری، آب پاشی پروجیکٹ، گورنر کوٹہ کے تحت ایم ایل سیز کے تقررات جیسے مسائل پر غور کرے گی۔

POSHAN

بچوں اور خواتین میں کم تغذیہ کے مسئلہ سے نمٹنے کیلئے راجنا سرسلہ ضلع کے آنگن واڑی سنٹر میں پوشن پکھواڑہ پروگرام منعقد کیا گیا۔ صحت مند طرزِ زندگی اور متوازن غذا کو فروغ دینے کیلئے اس مہینہ کی 9 تاریخ سے روزانہ مختلف سرگرمیوں کا انعقاد عمل میں آیا۔ رودرانگی منڈل میں ایک آنگن واڑی ٹیچر حسینہ نے آکاش وانی کو ان پروگراموں کی تفصیل سے واقف کروایا۔ انہوں نے کہا کہ تغذیہ کی اہمیت سے سب کو واقف کرانے کیلئے مختلف پروگراموں کا انعقاد عمل میں آیا۔

Sound Byte

STRIKE:

ریاست بھر میں آر ٹی سی ملازمین کی ہڑتال آج دوسرے دن بھی جاری ہے۔ پولیس کے حفاظتی انتظامات کے ساتھ آر ٹی سی کا انتظامیہ بین ریاستی بسیں چلارہی ہیں۔ اس کے علاوہ کرایہ پر حاصل کی گئی چند بسیں بھی چلائی جارہی ہیں۔ تاہم بیشتر بسیں ڈپوس تک ہی محدود ہیں اور مسافرین کو خانگی ٹرانسپورٹ پر انحصار کرن پڑ رہا ہے۔ کاماریڈی میں اس قت کشیدگی پیدا ہوگئی جب پولیس نے آر ٹی سی ملازمین کے احتجاجی ٹینٹ نکال دئے۔ سکندرآباد بی آر ایس کے لیڈر اور ایم ایل اے سرینواس یادو نے آر ٹی سی ملازمین کے ہڑتال میں شرکت کی۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ملازمین کے مسائل حل کرے۔ اس دوران ورنگل میں ایک ڈرائیور نے خودسوزی کی کوشش کی۔ آر ٹی سی کے انتظامیہ نے جزوی طور پر خدمات کی بحالی کا دعویٰ کیا ہے۔ اس نے کہا کہ ریاست بھر میں 40 فیصد بسیں چلائی جارہی ہیں۔

OO